
گیلپ اور گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے، 19 نومبر، 2025

## 2025 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (56% ) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات / کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پر اُمیدنظر آئے، یہ شرح 2025 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 5% کم رہی ۔






کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا ؟

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز
رائے عامہ سروے
**معیشت**
عمومی

## 2025 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (56%) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات/کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پرُامید نظر آئے، یہ شرح 2025 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 5% کم رہی۔

(گیلپ پاکستان بزنس کانفیڈنس انڈکس 2025 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ)


(اسلام آباد، 19 نومبر، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 2025 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں تقریباً دو تہائی (56%) کاروباری ادارے آنے والے وقت میں اپنے کاروباری حالات/کارکردگی کی بہتری کے حوالے سے پرُامید نظر آئے، یہ شرح 2025 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت 5% کم رہی۔

بزنس کانفیڈنس سروے Q4 2025 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کے لیے، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب کاروباری اداروں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 12% کاروباری اداروں کے مطابق آنے والا وقت اُن کے کاروبار کے حوالے سے بہت اچھا ہو گا، 44% کاروباری اداروں کے مطابق اچھا ہو گا، 28% کاروباری اداروں کے مطابق خراب ہو گا، جبکہ 16% کاروباری اداروں کے مطابق آنے والا وقت اُن کے کاروبار کے حوالے سے بہت خراب ہو گا۔


**"کاروبار کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ ماضی کی نسبت آنے والا وقت کاروبار کے حوالے سے کیسا ہو گا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 571 کاروباری اداروں سے 22 اکتوبر تا 25 اکتوبر 2025 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**کاروباری لحاظ سے نتائج:** پروڈکٹ بنانے والے کاروباری ادارے مستقبل کے حوالے سے سب سے زیادہ پراُمید نظر آئے۔ پروڈکٹ بنانے والے کاروباری اداروں کی 72% شرح مستقبل میں اپنے کاروباری حالات کے حوالے سے مثبت توقعات رکھتی ہے، اس کے برعکس، تجارت کرنے والے کاروباری اداروں میں صرف 40% مستقبل کے حوالے سے پراُمید دکھائی دیئے اور 60% مستقبل کے حوالے سے مشکل حالات کی توقع کرتے ہیں۔ سروسز فراہم کرنے والے کاروباری اداروں میں، 54% شرح مستقبل کے حوالے سے بہتری کی توقع کرتے ہیں اور 46% مشکل حالات کی توقع کرتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تقابلی جائزہ:** 2025 کی چوتھی سہ ماہی میں کاروباری ادارے مستقبل کے حوالے سے کم پراُمید نظر آئے، جہاں 56% شرح مستقبل میں اپنے کاروباری حالات کے حوالے سے مثبت توقعات رکھتے ہیں، 2025 کی دوسری سہ ماہی میں یہ شرح 61% تھی جو کہ اس سہ ماہی میں 5% پوائنٹس کی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی دوران، اس سہ ماہی میں 44% کاروباری ادارے مستقبل میں اپنے کاروباری حالات کے حوالے سے منفی توقعات رکھتے ہیں، یہ پچھلی سہ ماہی کے مقابلے میں اعتماد میں نمایاں کمی کی عکاسی کرتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

نوٹ: کوارٹر 3 میں فیلڈ ورک نہیں کیا گیا تھا اس لیے ڈیٹا دستیاب نہیں ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 19th November 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: [www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com)*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45
years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)